© rasailojaraid.com

شاید کوئی دوسرا رسالہ اس سے آگے نہیں ہے مگر ابھی معیار زیادہ بلند نہیں، جس سے خود فاضل مدیرین بھی غافل نہیں ہیں کسی زبان کے رسالوں اور اخباروں کی ترقی زیادہ تر اہل زبان کے ذوق مطالعہ پر منحصر ہوتی ہے مگر یہاں یہ حال ہے کہ خود ہندوستان میں انگریزی رسالوں کی تعداد اشاعت پچاس پچاس ہزار تک پہنچ جاتی ہے، اور اردو رسالوں کو ہزار دو ہزار سے زیادہ خریدار میسر نہیں آتے ایسی حالت میں اردو صحافت کا معیار بلند ہو تو کیسے ہو؟

**شریعت** ہفتہ وار۔ ایڈیٹر محمد حبیب اللہ صاحب بی اے علیگ۔ مقام اشاعت عبد اللہ پور ضلع لائل پور (پنجاب)۔ چندہ سالانہ چار روپیے۔

حافظ محمد عبد اللہ صاحب ممبر لیجسلیٹو اسمبلی کی نگرانی میں یہ نیا اخبار جاری ہوا ہے۔ اسلامی خیالات کی اشاعت اور مسلمانوں کے مفاد کی حمایت اس کا مقصد ہے، اور خصوصیت کے ساتھ یہ جس چیز کے لیے جد و جہد کرنا چاہتا ہے وہ یہ ہے کہ ہندوستان کے مسلمان رسم و رواج کا قانون چھوڑ کر اسلامی شریعت ہی کو اپنے لیے واحد قانون تسلیم کریں، اور حکومت کو بھی مجبور کیا جائے کہ وہ مسلمانوں کے تمام ان معاملات میں جن کا تعلق (Personal) سے ہے، صرف اسلامی شریعت کو اپنی عدالتوں میں نافذ کرے۔ اس غرض کے لیے حافظ محمد عبد اللہ صاحب اسمبلی میں ایک مسودہ قانون بھی پیش کرنے والے ہیں۔ ضرورت ہے کہ تمام مسلمانوں کی طرف سے اس تحریک کی پرزور تائید ہو۔

**اخبار مسلمان** زیر ادارت مولوی محمد حنیف صاحب ندوی و عبد المجید صاحب خادم۔ مقام اشاعت سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ (پنجاب) چندہ سالانہ (عہ)۔

یہ پنجاب کا پرانا اخبار ہے۔ اب اس نے ایک نیا چولا بدلا ہے جو ہر طرح پرانے سے بہتر ہے۔ مضامین زیادہ تر مذہبی رنگ کے ہیں۔ اور عام مذہبی پرچوں کی طرح ان کا رخ جدال و نزاع کی طرف نہیں بلکہ اصلاح اور دعوت الی الخیر کی طرف ہے۔ پنجاب میں خصوصیت کے ساتھ یہ چیز مغتنمات میں شمار کرنے کے لائق ہے۔

© rasailojaraid.com